© rasailojaraid.com



# حلقۂ احباب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

شوال کا "نقیب ختم نبوت" ملا۔ سارا ہی پڑھ ڈالا۔ "سیرۃ عائشہ کا ایک ورق" والے مضمون نے تو بہت ہی مزہ دیا۔ "سیدنا حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ" بھی بہت بر محل تھا۔ اس طرح دیگر مضامین بھی۔

جنگ جمل اور حوأب کے کتے؟ مضمون بہت خوب ہے۔ یہ واقعہ ام زمل سلمیٰ کا ہی ہے لیکن حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا پر یہ لگا کیسے؟ اسکا موقع کیسے فراہم ہوا؟ اسکی وجہ شاید یہ ہے کہ حوأب، دو مقامات ہیں۔ ایک طائف کے پاس ہے جہاں حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کی مرتدین سے جنگ ہوئی۔ جس میں یہ ام زمل بھی تھی اور دوسرا مقام بصرہ کے قریب ہے۔ جہاں سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا گزر ہوا تو یاروں نے حوأب طائف کو حوأبِ بصرہ بنا کر وہاں کا واقعہ یہاں لگا دیا۔

ملاحظہ ہو (زرقانی شرح مواہب ص ۲۴۸/ ج ۷)

والسلام

ابوریحان عبدالغفور سیالکوٹی

اسلام آباد


محترم شاہ بلیغ الدین صاحب کی

تاریخی ـــــ تحقیقی ـــــ تصانیف

روشنی ـــــ قیمت مجلد ۶۵/۰۰ پیپر بیک ۵۰/۰۰

تجلّی، ـــــ قیمت مجلد ۷۵/۰۰ پیپر بیک ۶۶/۰۰

طوبیٰ، ـــــ قیمت مجلد ۱۰۰/۰۰

رزمِ حق و باطل ـــــ قیمت مجلد ۶۶/۰۰ جلد اوّل

سادہ زبان، دلکش انداز بیان رنگین کتابت وطباعت

ملنے کا پتہ

اپنے شہر کے کتب فروش سے طلب کیجئے!

۶۰/ بی العریش سن سیٹ بلے وارڈ نزد پی این ۔ ایس شفا

کراچی


© rasailojaraid.com